# نعت

امام عبدالرحیم برعی یمانیؒ

امام المرسلین و منتقاهم حوی الخیرات ختما وابتداء

آپ ﷺ تمام رسولوں کے پیشوا اوران میں برگزیدہ ہیں۔اور آپ ﷺ تمام بھلائیوں پرآغاز وانجام کے لحاظ سے حاوی ہیں۔

تناهی فخر کل اخی فخار ولن تلقی لمفخره انتهاء

ہرفخر کرنے والے کافخر آخر ختم ہو جاتا ہے۔لیکن آپ ﷺ کے قابل فخر امور کی انتہا کوتو نہیں پاسکتا۔

کفته کرامة المعراج فضلا بها فی القرب ساد الانبیاء

آپ ﷺ کی فضیلت کے لئے معراج کی بزرگی ہی کافی ہے جس کے ذریعے آپ قرب ذات باری میں تمام نبیوں کے پیشوا قرار پائے۔

سریٰ من مكة ببراق عز لاقصی مسجد و علا السماء

آپ ﷺ عزت والی سواری براق پر سوار ہوکر رات کے وقت مکہ معظمہ سے مسجد اقصیٰ تک تشریف لے گئے اور پھر آسمان تک بلند ہو گئے۔

فسربه الملائكة ابتها جا وصلی خلفه الرسل اقتداء

آپ ﷺ کو دیکھ کر فرشتے مسرت اور خوشی کا اظہار کر رہے تھے اور تمام نبیوں نے مقتدی کے طور پر آپ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی۔

وكلم ربه من قاب قوس والهم فی تحیته الثناء

آپ ﷺ ایک کمان کے برابر فاصلے سے اپنے رب سے ہم کلام ہوئے اور سلام کرتے وقت آپ ﷺ کی طرف اللہ تعالیٰ کی ثنا اور تعریف کا طریقہ آپ کو وحی کیا گیا۔